© rasailojaraid.com

ڈرامے اور خطوط وغیرہ جمع کیے گئے ہیں۔ ابھی توقع ہے کہ اور چیزیں بھی جمع ہو کر شائع ہوں گی۔

---

بائیبل، قرآن، سائنس
مصنف: موریس بکائیے
مترجم: ثناء الحق صدیقی
ناشر: ادارۃ القرآن
۳۴/۷ ڈی۔ گارڈن ویسٹ
نزد لسبیلہ چوک۔ کراچی ۵

ابتداءً یہ کتاب فرانسیسی میں لکھی گئی، پھر اس کا ترجمہ انگریزی میں ہوا۔ اب اردو ترجمہ ہمارے سامنے ہے۔ اس کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ تاریخی اور سائنسی دونوں حیثیتوں سے بائیبل کمزور ہے اور قرآن حکیم الفاظ سے مغرب کی عیسائی دنیا کا ایک شائع شدہ کتاب اِن حقیقتوں کو بے نقاب کرتی ہے۔ جہاں جہاں اس کتاب میں کوئی کسر رہ گئی تھی یا اصل مؤلف کی سمجھ قرآنی حقائق کے لیے نارسا رہی ہے۔ وہاں مترجم نے مفید حاشیے لکھ دیے ہیں۔ ص ۳۰۶ سے جو مضمون شروع ہوا ہے، اس میں مندرج احادیث کے متعلق نوٹ نہ لکھنے سے کمی رہ گئی ہے۔ کتاب میں اس دور تاریخ کا مواد بہت ہے جس سے بائیبل بحث کرتی ہے۔ صدیقی ٹرسٹ (رجسٹرڈ) کراچی نے تبلیغی مقاصد سے اس کے پانچ سو نسخے خرید کر آدھی قیمت پر تقسیم کیے ہیں۔

---

نماز کے متعلق
تین کتابیں

۱۔ "نمازِ مصطفیٰ" تالیف محمد یونس انور۔ ناشر مرکز اشاعت التوحید والسنۃ (مسجد شہداء، لاہور) خوبصورت طباعت کے ساتھ کلماتِ نماز مع ترجمہ اور ضروری مسائل نماز۔ قیمت درج نہیں۔

۲۔ "نماز کی کتاب"۔ مرتبہ مولانا محمد عبدالحلیم قاسمی جامعہ حنفیہ قاسمیہ۔ گلبرگ۔ منی مارکیٹ لاہور
یہ کتاب بھی خوبصورت طباعت کے ساتھ نماز کے کلمات متعلقہ ادعیہ و اذکار، ان کے تراجم اور مسائل وضو و نماز وغیرہ پر مشتمل ہے۔ اوّل الذکر سے ذرا زیادہ مفصل۔ صفحات ۱۶۰۔ قیمت ۱۲/- روپے

۳۔ "کتاب الصلوٰۃ" تالیف امام ابن قیم الجوزی۔ مترجم جناب عبدالرشید حنیف۔ ادارہ علوم اسلامی جھنگ صدر۔ قیمت درج نہیں۔ اوپر کی کتابوں سے زیادہ مفصل و علمی پایہ بلند۔ مگر اتنی سہل، سادہ اور عام فہم نہیں۔

---

© rasailojaraid.com